تبصرے

● التکمیل فی اصول التاویل از مولانا الاستاذ عبدالحمید الفراہی تقطیع متوسط ضخامت ۷۹ صفحات ٹائپ جلی اور روشن قیمت ۔/۳ روپے پتہ: مکتبۂ دائرۂ حمیدیہ۔ سرائے میر اعظم گڈھ۔

ظاہر ہے قرآن مجید کے حقائق ومطالب کا فہم تاویل صحیح پر موقوف ہے۔ لیکن اس پر سب کا اتفاق ہونے کے باوجود قرآن کی تفسیر وتاویل میں اس قدر اختلافات ہیں کہ ان میں گم ہو کر کسی شخص کے لئے قطعیت سے کسی بات کا کہنا ہی دشوار ہو جاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ علماء نے اصول فقہ مدون کئے جن سے صرف احکام جزئیہ وفرعیہ کے استخراج میں مدد ملتی ہے۔ اور اصول تفسیر مرتب کئے جن سے تفسیر قرآن کی راہ میں روشنی حاصل ہوتی ہے لیکن جہاں تک تاویل کا تعلق ہے ۔ اور ظاہر ہے تفسیر اور تاویل میں بہت فرق ہے ___ اس کے لئے اصول عامہ وضع نہیں کئے۔ اللہ تعالیٰ قبر ٹھنڈی رکھے مولانا عبدالحمید الفراہی کی کہ تاریخ اسلام میں سب سے پہلے آپ نے اس طرف توجہ فرمائی اور کوئی شبہ نہیں کہ مولانا بوجوہ اس کے مستحق بھی تھے اور اہل بھی۔ چنانچہ آپ نے اس اہم موضوع پر ایک کتاب عربی زبان میں لکھنی شروع کی لیکن سخت افسوس ہے کہ اپنے بعض دوسرے کاموں کی طرح اس کی بھی تکمیل نہیں کر سکے۔ بہرحال اس سلسلہ میں مولانا کی جو کچھ یادداشت تھی اب اس کو ہی مولانا بدرالدین اصلاحی نے بڑے سلیقہ اور کاوش سے مرتب کر کے شائع کر دیا ہے یہ اگرچہ ناتمام اور ناقص ہے لیکن پھر بھی اس میں جو کچھ آگیا ہے وہ علوم وفنون قرآن کے سلسلہ میں ایک مستقل فن کی بنیاد قرار پا سکتا ہے اور حقائق کلام الٰہی کے فہم وادراک میں اس سے بڑی بصیرت حاصل ہو سکتی ہے۔ بلاشبہ یہ رسالہ اس کا مستحق ہے کہ مدارس عربیہ کے درس قرآن کے نصاب میں شامل ہو اور سبقاً سبقاً اس کو پڑھایا جائے۔

● رضا لائبریری رامپور کے عربی مخطوطات کی توضیحی فہرست جلد دوم صفحات ۷۸۴ جلد سوم صفحات ۲۹۵ قیمت فی جلد ۔/۳۰ روپے (زبان انگریزی ومجلد) مرتبہ مولانا امتیاز علی عرشی تقطیع